سوال

(430) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ آیا پڑھی گئی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

:...رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ آیا پڑھی گئی، حوالہ مطلوب ہے؟ (ابوبکر حازمی، امریکہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ پڑھی گئی۔

[''آپ کی چارپائی قبر کے کنارے رکھ دی گئی۔ دس دس صحابہ کرام f اندر داخل ہوتے اور فرداً فرداً نماز پڑھتے۔ کوئی امام نہ ہوتا۔ سب سے پہلے آپ کے خانوادے نے نماز پڑھی، پھر مہاجرین نے، پھر انصار نے، پھر بچوں نے، پھر عورتوں نے۔''] ١٢ ٧ ١٤٢٢ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02 ص361

محدث فتویٰ